# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2023
# MODEL PAPER
# GRADE 6
# URDU PART – A (Objective Type)

**[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks]**

**School :** ____________________

**Tehsil :** ____________________ **District:** ____________________

**Student Name :** ____________________ **Section :** ____________________

**Roll Number :** ____________________ **Date :** ____________________

طلبہا کے لیے عمومی ہدایات:

۱۔ماسک پہنیں اور آپس میں کم از کم 3 فٹ کا فاصلہ رکھیں۔

۲۔ غور سے پڑھیں اور تمام سوالات حل کریں ۔

۳۔ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ نیچے دی گئی مثال میں دکھایا گیا ہے ۔

مثال : چیچڑ کی وجہ سے پھیلنے والی بیماری ہے:

(a) پولیو (b) خسرہ

(c) ڈینگی ⓓ کانگو

۴۔ اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا ۔

Result.pk

| | | |
|---|---|---|
| وقت: 1 گھنٹہ | حصہ الف(کثیر الانتخابی سوالات) | کل نمبر: 48 |

ہدایات: اس پیپر میں بتیس کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے 1.5 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1: درست املا والا جملہ ہے:

(a) شیر کو دیکھتے ہی اُس کے حلق میں پانی اٹک گیا ۔ (b) شیر کو دیکھتے ہی اُس کے ھلق میں پانی اٹک گیا ۔

(c) شیر کو دیکھتے ہی اُس کے ہلک میں پانی اٹک گیا ۔ (d) شیر کو دیکھتے ہی اُس کے ہلق میں پانی عٹک گیا ۔

سوال نمبر 2: قصور کا متشابہ لفظ ہے:

(a) قصر (b) قیصر (c) کسور (d) قصار

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے درست مرکب جملہ ہے:

(a) وہ گھر چلا گیا کیونکہ اسے بخار تھا۔ (b) وہ بخار میں گھر چلا گیا۔ (c) وہ گھر میں بخار سے ہے۔ (d) اسے گھر میں شدید بخار تھا۔

سوال نمبر 4: درج ذیل میں مرکب جملہ ہے:

(a) وہ یہاں نہیں آیا۔ (b) وہ یہاں آیا اور چلا گیا۔ (c) وہ یہاں آ کر چلا گیا۔ (d) وہ کل یہاں سے گیا۔

سوال نمبر 5: داد دینا کا مترادف ہے :

(a) شاباش دینا (b) چندہ دینا (c) رخصت دینا (d) دھکا دینا

سوال نمبر 6: مرکب جملہ ہے:

(a) جمیل نے بازار میں ہوٹل سے چائے پی ۔ (b) میں نے گھر میں چائے بنا کر پی ۔

(c) کیا تم مہمانوں کے لیے چائے بنا رہے ہو ؟ (d) منزہ نے چائے بنائی اور مہمانوں کو پلائی ۔

سوال نمبر 7:  درج ذیل میں مرکب جملہ ہے :

(a) میں یہی کہوں گا کہ تم چپ رہو۔
(b) اس نے کسی کی بات نہیں سنی۔
(c) آپ اتنا کیوں بول رہے ہو؟
(d) اس نے میری بات نہ سنی ۔

سوال نمبر 8:  مترادف الفاظ کے استعمال والا جملہ ہے :

(a) اللہ تعالیٰ کوغرور و تکبر پسند نہیں ۔
(b) حاکم و محکوم کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے ۔
(c) قانون کی نظر میں امیر و غریب برابر ہیں ۔
(d) تیمور نے ہر دُکھ سُکھ میں نوید کا ساتھ دیا ۔

سوال نمبر 9:  مترادف الفاظ کی درست فہرست ہے:

(a) بزم،محفل،انجمن
(b) وسیلہ،ذریعہ،نجات
(c) سخی،امیر،ضعیف
(d) آشنا،واقف،ماہتاب

سوال نمبر 10:  ”وہ دوست ہے لیکن مشکل میں ساتھ نہیں دیتا“ سے بننے والادرست سادہ جملہ ہے:

(a) وہ دوست ہے اور اس کے باوجود مشکل میں ساتھ نہیں دیتا۔
(b) اگرچہ وہ دوست ہے پر مشکل میں ساتھ نہیں دیتا۔
(c) وہ دوست ہوکر بھی مشکل میں ساتھ نہیں دیتا۔
(d) وہ دوست بھی ہے لیکن مشکل میں ساتھ بھی نہیں دیتا۔

سوال نمبر 11:  درج ذیل جملوں میں سادہ جملہ ہے:

(a) وہ نہایا اور سو گیا۔
(b) اسے تمام باتیں یاد ہیں۔
(c) عبادت کرو، تاکہ فلاح پاؤ۔
(d) اس نے محنت کی مگر کامیاب نہ ہوا۔

سوال نمبر 12:  "دَھول" کا معنی ہے تھپڑ جب کہ"دُھول" کا معنی ہے:

(a) غبار
(b) ڈھول
(c) آواز
(d) شور

سوال نمبر 13:  حروفِ تاسف کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) افسوس!تم نے بھی ساتھ نہ دیا۔
(b) مرحبا!بڑا نیک کام کیا ہے۔
(c) آہا! ہم جیت گئے ۔
(d) اجی!دروازہ تو کھولو۔

Result.pk

سوال نمبر 14:  فجائیہ کے درست استعمال والا جملہ ہے:

(a) کیا وہ عید کا چاند ہے؟
(b) ہو ہو ! وہ دیکھو عید کا چاند۔
(c) اف! وہ دیکھو عید کا چاند۔
(d) آہا! وہ دیکھو عید کا چاند۔

سوال نمبر 15:  حرف استفہامیہ کے درست استعمال والا جملہ ہے:

(a) واہ واہ! اس نے خط نہیں لکھا۔
(b) تف! اس نے خط نہیں لکھا۔
(c) کیا اس نے خط نہیں لکھا؟
(d) اس نے خط نہیں لکھا ۔

سوال نمبر 16:  حروف فجائیہ کے درست استعمال والا جملہ ہے:

(a) ماشاء اللہ ! کتنا پیارا بچہ ہے۔
(b) افسوس ! اکرم چھت سے گر پڑا۔
(c) اے اللہ! ہم پر رحم فرما۔
(d) سنو! آپ وہاں نہیں جائیں گے۔

سوال نمبر 17:  قواعد کی رو سے درست جملہ ہے:

(a) نورنے جمائی لی۔
(b) نورنے جمائی لیا۔
(c) نورنے جمائی کھائی۔
(d) نورنے جمائی کھایا۔

سوال نمبر 18:  متلازم الفاظ کی درست فہرست ہے:

(a) تیز دھوپ،سایہ،پیاس
(b) سبزیاں،کپڑے ،مبارک باد
(c) ہاکی ،کرکٹ،گندم
(d) کرسی ،سادہ خوراک،کھیت

سوال نمبر 19:  " بازار " کے متلازم الفاظ کی درست فہرست ہے :

(a) درخت ، پتھر ، جنگل
(b) دکانیں ، گاہک ، سودا
(c) میز ، کرسی ،پودے
(d) کتابیں ، کاپیاں ،پہاڑ

سوال نمبر 20: "برسات" کے متلازم الفاظ کی درست فہرست ہے:

(a) سردی، بادل، بارش، حبس (b) گرمی، سردی، کھیل، میدان (c) میدان، بادل، بارش، علاقہ (d) قوس و قزاح، فصلیں، دھوپ، کھیت

سوال نمبر 21: بلحاظ تذکیر و تانیث درست جملہ ہے:

(a) اس کی مرض بڑھ گئی۔ (b) اس کا مرض بڑھ گیا۔ (c) اس کے مرض بڑھ گیا۔ (d) اس کی مرض بڑھ گئے۔

سوال نمبر 22: " علی چھری سے سیب کاٹتا ہے۔" جملے میں اسم آلہ ہے:

(a) سیب (b) علی (c) کاٹتا (d) چھری

سوال نمبر 23: "سر سید احمد خانؒ پاکستان کے قومی ہیرو ہیں۔ اس جملے میں لفظ "سر" ہے:

(a) عرف (b) کُنیت (c) خطاب (d) تخلص

سوال نمبر 24: "دروازے پر کون ہے؟" میں لفظ "کون" اسم نکرہ کی کون سی قسم ہے؟

(a) اسم ذات (b) اسم صفت (c) اسم استفہام (d) اسم عدد

سوال نمبر 25: "پچاس روپے کی چینی دیں۔" اس جملہ میں لفظ "پچاس" اسم نکرہ کے اعتبار سے کون سا اسم ہے؟

(a) اسم ذات (b) اسم صفت (c) اسم عدد (d) اسم جنس

سوال نمبر 26: "احمد ایک ذہین لڑکا ہے ۔اس کا بھائی ڈاکٹر ہے۔"قواعد کی رو سے اس جملے میں "اس " ہے:

(a) اسم عَلَم (b) اسم اشارہ (c) اسم ضمیر (d) اسم موصول

سوال نمبر 27: "گھوڑا بہت قیمتی ہے۔" میں لفظ "گھوڑا"اسم نکرہ کے اعتبار سے ہے:

(a) اسم ذات (b) اسم صفت (c) اسم استفہام (d) اسم عدد

پیراگراف ہدایات *

مندرجہ ذیل پیراگراف پڑھ کرنیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

Result.pk

ابتدائی طبی امداد کے لیے حکومت نے شہری دفاع کا محکمہ قائم کر رکھا ہے۔یہ ادارہ کسی بھی حادثے کی صورت میں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتا ہے۔ہر صحت مند شخص کو رضاکارانہ طور پر اس کی تربیت حاصل کرنی چاہیے اور ہنگامی حالات میں اسے فرسٹ ایڈ باکس کے استعمال کا طریقہ معلوم ہونا چاہیے۔فرسٹ ایڈ باکس ایسا ڈبہ ہے جس میں مرہم پٹی کا سامان یعنی روئی کا پیکٹ،چند ضروری قسم کی پٹیاں،ٹنکچر، پائیوڈین کی بوتل اور یورک ایسڈ وغیرہ ہوتا ہے۔فرسٹ ایڈ باکس ہر گھر میں ہونا چاہیے ۔

سوال نمبر 28 : ابتدائی طبی امداد سے مراد ہے:

(a) جنگ میں حفاظتی اقدام (b) ہسپتال میں علاج (c) حادثے میں فوری طبی امداد (d) ڈاکٹر سے علاج

سوال نمبر 29 : ابتدائی طبی امداد دینے والا محکمہ ہے:

(a) مواصلات (b) شہری دفاع (c) موسمیات (d) پولیس

سوال نمبر 30 : فرسٹ ایڈ باکس میں رکھتے ہیں:

(a) کھلونے، پتنگ، گڑیاں (b) اوزار، ہتھیار، پرندے (c) جوتے، کپڑے، زیورات (d) پٹیاں، مرہم، ٹنکچر

سوال نمبر 31 : لفظ "رضاکارانہ" سے مراد ہے:

(a) مجبوری سے (b) احتیاط سے (c) خوشی سے (d) حکم سے

سوال نمبر 32 : پیراگراف کے مطابق فرسٹ ایڈ باکس استعمال ہوتا ہے:

(a) پُرامن حالات میں (b) ہنگامی حالات میں (c) پرسکون حالات میں (d) کشیدہ حالات میں

Result.pk